QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 286

کوئٹہ: **22 جون 2026ء**۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے محرم الحرام میں عاشورہ کے جلوسوں اور مجالس کے دوران عوام الناس، جلوس منتظمین اور عزاداران سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی اور دوسروں کی جانوں کے تحفظ کے لیے "علم" کو بجلی کی تاروں اور برقی تنصیبات سے محفوظ فاصلے پر رکھیں۔ کیونکہ جلوسوں کے راستوں میں موجود بجلی کی لائنوں، کھمبوں اور دیگر برقی تنصیبات کے قریب غیر محتاط رویہ کسی بھی ناخوشگوار حادثہ کا سبب بن سکتا ہے۔ کیسکو نے جلوسوں کے منتظمین سے اپیل کی ہے کہ وہ علم کو بلند کرتے وقت اونچائی کا خصوصی خیال رکھیں اور بجلی کی تاروں کے قریب جانے سے مکمل اجتناب کریں۔ اسکے علاوہ جلوس کے راستوں کا پیشگی جائزہ لیں اور جہاں ضرورت ہو وہاں متعلقہ کیسکو حکام سے رابطہ کریں۔

# # #